# NEP 2020 کی تین سالہ  کامیاب اختتام کے موقع پر آن لائن موڈ میں ہندوستانی زبان وادب میں سوال سازی پر قومی میراتھن۔

- ہندی زبان کے لیے سوال سازی پر آن لائن میراتھن۔
- تامل زبان کے لیے سوال سازی پر آن لائن میراتھن۔
- اردو  زبان کے لیے سوال سازی پر آن لائن میراتھن۔
- تلگو زبان کے لیے سوال سازی پر آن لائن میراتھن۔

**کیا:** ہندوستان کے اسسٹینٹ پروفیسرز/لکچرز اور ریسرچ اسکالرز جو اردو زبان اور لسانیات کی درس وتدریس سے منسلک ہیں ان کے لیے آن لائن موڈ میں ہندوستانی زبان وادب میں سوال سازی پر پندرہ روزہ میراتھن۔

**کب:** 28 اگست 2023 سے 11 ستمبر 2023

**موڈ:** گوگل میٹ اور این۔ٹی۔ایس۔آئی سوال ان پٹ کنسول

**مقام:** قومی آزمائشی خدمات۔ہند۔ہندوستانی زبانوں کا مرکزی ادارہ

**اہلیت:** حکومتِ ہند کے تعلیمی ادارے یا سرکاری امداد یافتہ یا خود مختار تعلیمی ادارے  اور ہندوستان کی تمام یونیورسٹیوں کے اسسٹینٹ پروفیسرز/لکچرز اور ریسرچ اسکالرز جو اردو زبان/ادب اور لسانیات میں درس وتدریس سے منسلک ہیں۔

- انگریزی ترسیل کی بنیادی مہارتیں ضروری ہیں۔
- جن شرکاء نے زبان اور لسانیات میں اعلیٰ ڈگری حاصل کی ہے اور جنہوں نے پہلے ہی این۔ٹی۔ایس کے زیر اہتمام اردو زبان وادب میں پانچ روزہ آزمائشی تعین قدر اور سوال سازی پر تربیتی ورکشاپ میں حصہ لیا ہے۔انہیں ترجیح دی جائے گی۔

## کمپیوٹر سسٹم کی ضروریات:

- ڈیسک ٹاپ/ لیپ ٹاپ کم سے کم خصوصیت والے جو بہتر کام کرنے کی حالت میں ہو (کور 2 ڈُئو پروسیسر کے ساتھ 4 جی بی ریم،OSونڈوز ایکس پی 7 اور اس سے اعلی وغیرہ)۔
- بہتر اور مناسب انٹرنیٹ کی سہولت ہو۔
- گوگل کروم، موزیلا فائر فاکس یا انٹرنیٹ ایکسپلورر وغیرہ جیسے براؤزرز کے ساتھ ڈیسک ٹاپ یا لیپ ٹاپ میں یونی کوڈ فعال طور پر کام کرتا ہو۔ایسے براؤزرز کے تازہ ترین ورژن کے استعمال کی زیادہ تائید کی جاتی ہے۔

## مقاصد:

- NEP 2020 کے کامیاب نفاذ کا تیسرا سال مکمل۔
- متعلقہ ذمہ داران (اسٹیک ہولڈرز) کے مابین آزمائش اور تعین قدر کے سائنسی طریقہ کار کے متعلق ملک گیر پیمانے پر اتفاق رائے اور آگاہی پیدا کرنا۔
- زبان،ادب، لسانیات کے شعبے میں اساتذہ،ریسرچ اسکالرز اور پیشہ وروں کی پیشہ ورانہ مہارتوں کو بڑھانا۔

## معاوضہ:

- تمام کامیاب شرکاء بطور ٹوکن اعزازیہ چار ہزار پانچ سو-/4,500 روپے حاصل کرنے کے حق دار ہوں گے۔میراتھن کے اختتام تک اعزازیہ کے حقدار شرکاء کو روزانہ کم از کم ایک مقررہ درست اور مستند سوالات درج کرنے کی ضرورت ہو گی۔
- تمام کامیاب شرکاء کو شرکت کی سند دی جائی گی۔
- شرکاء کے ذریعے داخل کئے گئے منقسم صیغوں کے پیرامیٹروں اور بنچ مارکوں کو مکمل کرنے والے منفرد اور مستند سوال کی بنیاد پر اول نمبر (ہر زبان کے لیے ایک) قرار دیا جائے گا۔ عام معاوضے کے علاوہ اول نمبر پر آنے والے کو درج ذیل چیزوں سے نوازہ جائے گا۔
- ایوارڈ کے طور پر ایک سند
- ایک ٹرافی

- مکمل طور پر اداشدہ (رہائش،ٹی اے مقررہ اعزازیہ کے ساتھ، تقریباً ۲۵-۲۰ہزار ماہانہ) این-ٹی-ایس-آئی کے ساتھ 2ماہ تک غیر قابل توسیع کام کا موقع۔

## شرائط وضوابط

- اعزازی رقم کے حقدار منتخب شدہ شرکاء کے لیے ضروری ہے کہ وہ اعزازی رقم کی دستخط شدہ رسید، پین کارڈ اور آدھار کارڈ کی ہارڈ کاپی اسپیڈ یا رجسٹرڈ پوسٹ کے ذریعے جتنا جلد ہو سکے بھیج دیں۔ ڈاک کا پتہ، اعزازی رسید اور بینک فارمیٹ کی سافٹ کاپیاں منتخب شدہ شرکاء کی فہرست کے ساتھ 25 اگست 2023 کو اپ لوڈ کر دی جائیں گی۔اعزازیہ رقم ITR کٹوتی سے مشروط ہو گا۔
- جہاں بھی قابل اطلاق ہو، شرکاء کو آزمائش و تعین قدر کی بنیادی تربیتی پروگرام میں شرکت کے ثبوت کے طور پر این ٹی ایس کی جانب سے جاری کردہ سند کی اسکین شدہ کاپی پیش کرنی ہو گی۔
- بغیر کسی کوتاہی کے روزانہ 20 درست سوالات کمپیوٹر میں داخل کرنے ہوں گے۔ اگر کوئی شخص ایک دن میں 20 سے کم سوالات بنائے گا تو اسے میر اتھن سے نااہل قرار دے دیا جائے گا( ایک دن کا مطلب ہو گا صبح 12:00 AM سے 11:59 PM)اور وہ کسی اعزاز یا انعام کے اہل نہیں ہوں گے۔
- کمپیوٹر میں داخل شدہ سوالات کسی بھی سوالیہ بینک یا گائیڈ والی کتاب سے لیا نہ گیا ہو۔
- شریک کار کسی بھی وقت سوال بنا سکتا ہے۔ سوال کمپیوٹر میں داخل کرتے وقت کسی بھی تکنیکی یا تعلیمی امداد کے لیے دفتری کے اوقات میں پیر سے جمعہ تک رابطہ کیا جا سکتا ہے۔(یعنی صبح 9:30 سے 5:30 تک)
- میر اتھن کے پہلے یا دوسرے دن ضروری تربیت کی تفصیلات فراہم کی جائیں گی۔
- CIIL اور اس کے مراکز کے فیکلٹی ممبران/افسران بھی اس کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ تاہم وہ کام کے لیے کوئی اعزازیہ پانے کے حقدار نہیں ہوں گے۔ دیگر شرائط وضوابط وہی رہیں گے۔
- CIIL کے مختلف یونٹس، اسکیموں، مراکز یا پراجیکٹس میں کنٹریکٹ پر کام کرنے والے ریسورس پرسن بھی مناسب چینل کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں۔ تاہم وہ کام کے لیے کوئی اعزازیہ پانے کے حقدار نہیں ہوں گے۔ دیگر شرائط وضوابط وہی رہیں گے۔

## نوٹ:

- تمام شرکاء کے پاس ایک مستند ای میل اکاونٹ (ترجیحاً جی میل اکاونٹ) ہونا چاہیے کیونکہ میراتھن گوگل میٹ کے ذریعے منعقد کی جاتی ہے۔
- اس پروگرام میں شرکت کے لیے اردو ٹائپنگ میں مہارت ہونی لازمی ہے۔
- منتخب امیدواروں کی فہرست 18 اگست کو ویب سائٹ پر اپلوڈ کر دی جائے گی۔
- تمام شرکاء کو میراتھن میں شرکت کے دوران مجاز اتھارٹی کے ذریعے وضع کردہ ضابطہ اخلاق اور اصولوں کی پابندی کرنی چاہیے CIIL ایک ماتحت دفتر ہے جو MOE نئی دہلی اور حکومت ہند کے تحت کام کرتا ہے اس دوران کسی بھی خلاف ورزی یا بد تمیزی کے لئے انسٹی ٹیوٹ یا حکومت ہند کے قواعد کے مطابق سخت تادیبی کارروائی کی جائے گی۔
- ادارہ کو بغیر کوئی وجہ بتائے کسی بھی درخواست کو قبول یا مسترد کرنے کا حق حاصل ہوگا۔
- انسٹی ٹیوٹ کو بغیر کسی وجہ کے بھی پروگرام کو پہلے یا بعد میں کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

## درخواست دینے کا طریقہ:

- جو لوگ اردو زبان میں سوال سازی کے لیے آن لائن میراتھن میں شرکت کے خواہش مند ہیں وہ درج لنک آن لائن رجسٹریشن پر کلک کر کے آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔ برائے مہربانی آن لائن درخواست بھرتے وقت بھرپور احتیاط رکھیں۔ آخری مرحلے پر رجسٹریشن فارم کی پی ڈی ایف فائل بنا کر آپ کے رجسٹرڈ ای میل پر بھیج دی جائے گی۔ آن لائن رجسٹریشن کا لنک 25 اگست کو صبح 11:30 کو بند ہو جائے گا۔